سوال

بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کا کیا حکم ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

پولیو ویکسین کے حوالے سے بے شمار افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ بعض اسے نقصان دہ اور امت کے خلاف ایک سازش قرار دیتے ہیں تو بعض اسے مفید اور بیماریوں کے خلاف معاون قرار دیتے ہیں۔ بہر حال جب تک اس ویکسین کے اجزائے ترکیبی اور فارمولے کا علم نہیں ہو جاتا اس وقت تک اس کے بارے کوئی بھی بات کرنا غیر مناسب ہے۔ اگر آپ اس کا فارمولا کہیں سے تلاش کر کے بھیج دیں تو ہمارے لئے بھی آسانہ ہو جائے گی۔ صرف اتنا ذہن نشین کر لیں کہ اگر تو یہ واقعی ایک مفید اور بیماریوں کے خلاف معاون دوا ہے تو پھر اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے، اور اگر یہ نقصان دہ ہے اور امت کے خلاف سازش ہے تو پھر اس اسے اجتناب کرنا ضروی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ